Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۲۲) مطبوعہ پنجشنبہ تاریخ ۲۱ رمضان المبارک سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۹ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء جلد (۲۱)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱) منظوری رخصت کپتان آغا خاں۔ اے۔ ڈی۔ سی۔	۲
(۲) منظوری رخصت و اجازت ایام تعطیلات صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس۔	〃

(مطبوعہ اسٹیٹ پرنٹنگ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- مورخہ ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے. کپتان آغا خاں. اے ڈی سی. اکثر علیل رہتے ہیں. سال حال میں اُنکو چند مرتبہ رخصت دی گئی ہے لیکن ہنوز اُن کو صحت نہیں ہے اور وہ برائے علاج مزید رخصت کے مستدعی ہیں.

رخصت رعایتی کا اُنکو حق نہیں ہے لہذا دو ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے.

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہو.

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں. ایک نقل درج گزٹ ہو.

۲۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

منظوری رخصت اتفاقیہ تین یوم بصورت خاص مطلوبہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بابت ۲۴ و ۲۶ و ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۳ء. واجازت ایام تعطیلات از ۲۵ر دسمبر لغایت ۲۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء و یکم جنوری ۱۹۳۴ء بغرض روانگی ڈیرہ دون بضرورت انتظام شکار وغیرہ

حکم

بموجب رپورٹ. صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی رخصت اتفاقیہ تین یوم ۲۴ر ۲۶ر و ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۳ء بصورت خاص واجازت ایام تعطیلات ۲۵ر لغایت ۲۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء و یکم جنوری ۱۹۳۴ء منظور ہے. کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہوں.

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم)

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں.

۲۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم:- مورخہ ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

مرتبہ یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر متعلق تحریر صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر باستدعا کہ